لیبر موومنٹ کی جدوجہد، مرحوم محنت کش کے اہل خانہ کو گروپ انشورنس کی ادائیگی

فیصل آباد (لیبر نیوز ویب ڈیسک) فیصل آباد کی صداقت ٹیکسٹائل کے محنت کش محمد وقاص جو گزشتہ سال ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے تھے ان کی گروپ انشورنس کی رقم 1,031,328 روپے کا چیک کمشنر معاوضہ کی عدالت میں جمع کروا دیا گیا ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان لیبر قومی موومنٹ اور لیگل ایڈ کلینک امن گھر کی بھرپور قانونی جدوجہد کے نتیجے میں سامنے آئی

ابتدائی طور پر فیکٹری انتظامیہ کی جانب سے غفلت اور تاخیر برتی گئی تھی، تاہم لیبر آفیسر اصغر پاشا کی مداخلت اور بابا لطیف انصاری کی قیادت میں لیبر رہنماؤں کے دباؤ کے بعد انتظامیہ نے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا

مرحوم محمد وقاص کی واحد وارث ان کی بیٹی ہے، جس کے مستقبل کے لیے یہ واجبات ادا کیے جا رہے ہیں

مزدور رہنماؤں نے انتظامیہ کے اصلاحی اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں ایسے معاملات کو مزید بروقت حل کیا جائے گا